

## سبق - 23

# چنّو منّو

(تشدید ' ّ ')





## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے بارے میں طلبا سے گفتگو کی جائے۔

1۔ پہلی تصویر میں کیا دکھائی دے رہا ہے؟

2۔ بلّی کے ساتھ کیا حادثہ پیش آیا؟

3۔ بچّے بلّی کو لے کر کہاں گئے؟ اور کیوں؟

4 ۔ حادثوں سے بچنے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

SCERT TELANGANA

(ب) آیئے اب ہم ایک نصیحت آموز کہانی سنیں گے۔

چُنُّو، لٹّو سے کھیل رہا تھا۔ منّو سائیکل پر بیٹھا چکّر لگا رہا تھا۔ بلّی، کتّے سے بچ کر بھاگ رہی تھی۔ دوڑتے دوڑتے بلّی، منّو کی سائیکل سے ٹکرا گئی۔ چنّو منّو جلدی سے بلّی کو گھر لے آئے۔ فوراً امّی جان دوائی کا ڈبّہ لے آئیں۔ شنّو بھیّا نے زخم پر پٹّی باندھی۔ منّی، مٹّی کے کٹورے میں دودھ لے آئی۔ بلّی نے دودھ پیا اور کھڑی ہوگئی۔ ابّا کو جب یہ قصّہ معلوم ہوا تو انھوں نے بچّوں کو شاباشی دی اور کہا کہ ''بچّو' اچھّے کام کرنے والوں کو جنّت میں جگہ ملتی ہے۔''

(ج) بچوں کو واقف کروائیں کہ ایسے حروف جنھیں ایک مرتبہ لکھا جاتا اور دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے، انھیں مشدّد حروف کہتے ہیں۔

مثلاً:

حجّام　بلّی　ڈبّہ　چکّر　امّی

کتّا　لٹّو　کدّو　کوّا　ابّو



پڑھیے




(الف) دیئے گئے الفاظ میں مشدد الفاظ کی شناخت کروا کر دائرہ 'O' کا نشان بنوایئے اور پڑھوایئے۔

مٹّی　ٹٹّی　جالی　چکّی　املی　شکّر　ٹکّر

تلّی　دلّی　دوات　پتّی　رسّی　الّو　منّی

SCERT TELANGANA

(ب) یہ تصویریں طلبا کو دکھائیے اور نام کہلوائیے۔



(ج) دیے گئے الفاظ پڑھوائیے اور مشدد الفاظ پر (✓) کا نشان لگائیے۔

مثال: ٹکّر　کڑوا　سچے　کوا　بندے　ابا　روٹی　بچہ

عزت　اول　منا　چکر　کتا　پتہ　کل　جال

(د) ان حروف کی مدد سے مشدد الفاظ بنوائیے اور پڑھوائیے۔

چ + ک + ک + ی = ________　　ر + س + س + ی = ________

ج + ن + ن + ت = ________　　ل + س + س + ی = ________

پ + ت + ت + ا = ________　　گ + ن + ن + ا = ________

(ھ) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوائیے۔


کالا ہوتا ہے۔


زرد ہیں۔






ہرا ہے۔

SCERT TELANGANA




## لکھیے

(الف) تصویریں بتا کر ان کے نام لکھوائیے۔

______ ______ ______ ______ ______

______ ______ ______ ______ ______

(ب) نیچے دیے ہوئے حروف ملا کر لکھوائیے اور ان پر تشدید لگوائیے۔

- لٹ + ٹو = ______
- کھٹ + ٹا = ______
- کچ + چا = ______
- گن + نا = ______

(ج) درج ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کروائیے اور لکھوائیے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کچّا | کھٹّی | مچھّر | چکّی | لڈّو | گنّا | دلّی | مٹّی | لٹّو | ٹٹّو |

★ بچّہ ______ سے کھیل رہا ہے۔

★ ______ بھنبھنا رہا ہے۔

★ ______ تاریخی شہر ہے۔

★ ______ سواری کے کام آتا ہے۔

★ ______ میں گیہوں پیستے ہیں۔

★ جام ______ ہے۔

★ املی ______ ہے۔


★ ہاتھی ______ شوق سے کھاتا ہے۔

★ رضیہ ______ میں مت کھیلو۔

★ تھال میں ______ رکھے ہیں۔


SCERT TELANGANA

(د) ان تصویروں کا نام لکھوائیے اور جملے مکمل کروائیے۔


________________ گھوم رہا ہے۔


________________ میٹھا ہوتا ہے۔


________________ کالا ہوتا ہے۔


________________ ہرا ہے۔


________________ گول ہے۔

(ھ) اس نظم سے مشدد الفاظ چن کر لکھوائیے۔

امّی امّی ابّا آئے     دلّی سے ایک ڈبّہ لائے
چنّو آؤ منّو آؤ     شبّو آؤ شنّو آؤ
چنّو تم یہ لٹّو لے لو     چاہو تو یہ ٹٹّو لے لو
شنّو تم یہ لڈّو لے لو     شبّو کو یہ رسّی دے دو
امّی امّی ابّا آئے     امّی امّی ابّا آئے


____________ ____________ ____________ ____________
____________ ____________ ____________ ____________
____________ ____________ ____________ ____________
____________ ____________ ____________ ____________

SCERT TELANGANA



سوچیے

طلبا سے کہیں کہ: تصویر دیکھیے، اُتاریے، رنگ بھریے اور نام لکھیے۔



SCERT TELANGANA